14-12-08 جامعہ میں سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا، قسم البنین میں **عبدالرشید عبدالسلام** ثانیہ عالیہ نے **پہلی**، **حبیب اللہ شریف** سرمیکی ثانیہ متوسطہ نے **دوسری** اور **عبدالغفور ایوب** ثانیہ عالیہ نے **تیسری** پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ طالبات میں سہیمہ **عبدالواحد** ثانیہ متوسطہ نے **پہلی**، سعدیہ **بانو یحیٰی سلیم** ثانیہ متوسطہ نے **دوسری** اور زکیہ **باقر** رابعہ ثانویہ نے **تیسری** پوزیشن حاصل کی۔

22-12-08 الاثر پبلک سکول غواڑی کے سالانہ نتائج سنائے گئے، جس میں امتیازی پوزیشن لینے والے یہ ہیں:

اکرام اللہ یحیٰی: اول، **مسفرہ یعقوب**: دوم، **شہزاد عنایت اللہ**: سوم

25-12-08 جامعہ دارالعلوم گھربی کھور میں سالانہ سرمائی تعطیلات کو بامقصد بنانے کے لیے ششم تا بی اے سائنس و جنرل گروپ بوائز و گرلز دونوں کے لیے دو ماہی ٹیوشن کلاسز کا قیام عمل میں لایا گیا۔

28-12-08 زیر صدارت مولانا عبدالواحد عبداللہ، جمعیت اہلحدیث غواڑی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مقامی جماعت کی جنرل باڈی اور کئی ذیلی کمیٹیوں کی تشکیل نو ہوئی۔

مقامی جماعت کے عہد یداران:

(۱) امیر: مولانا عبدالواحد عبداللہ (۲) نائبین: مولانا محمد ابراہیم خان و مولانا محمد حسین آزاد

(۳) سیکرٹری جنرل: مولانا حافظ عبید الرحمٰن مدنی۔ (۴) نائب مولانا عبدالرحیم روزی

(۴) سیکرٹری اطلاعات: مولانا سلیم عبدالحکیم۔ (۵) نائب اطلاعات مولانا عبدالعزیز حسن

(۶) خزانچی: مولانا عبدالرحیم عمر خان۔ (۷) نائب مولانا احمد علی ابراہیم

نامے جو میرے نام آئے

مجلۃ التراث پورے گلگت بلتستان میں ہماری پہچان بن گیا ہے۔ اسے شوق سے پڑھتا ہوں۔ البتہ دورانیہ طویل ہونے کی وجہ سے کافی انتظار کرنا پڑتا ہے۔ کھرکوہ میں پہلے صرف میں التراث پڑھتا تھا، اب میرے بہت سے رشتہ دار اور گلگت میں موجود کھرکوہ کے تمام لڑکوں نے بھی شوق سے پڑھنا شروع کیا ہے۔ (عبدالقیوم کھرکوی، پولیس لائن گلگت)

ادارہ: ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ التراث کا بغور مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ بہت سے احباب کو بھی اس طرف راغب کیا ہے۔ مزید کوشش جاری رکھیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، دونوں جہاں میں کامیابی سے نوازے اور دوسرے قارئین کو بھی آپ کی طرح خلوص اور جذبے سے سرشار فرمائے۔ آمین